SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 2

ایس ای سی پی نے این بی ایف سیز ریگولیشن 2008 میں ترامیم کا مسعودہ جاری کر دیا

اسلام آباد (فروری 02): سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاروں کے مفاد کو تحفظ فراہم اور مس سیلنگ کی روک تھام کے لیے بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ انٹیٹیز ریگولیشن 2008 میں ترامیم کا مسعودہ جاری کر دیا۔ مجوزہ ترامیم کو شہریوں کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ www.secp.gov.pk پر رکھا گیا ہے۔

نان بینکنگ فنانس کمپنیوں (این بی ایف سیز) کے لیے مجوزہ ترامیم میں سیلز ایجنٹ کی تربیت، نگرانی اور انضباط پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ مزید این بی ایف سیز کے چیف ایگزیکٹوز اور ڈائریکٹرز کی ااہلیت کے لیے قائم کیے گئے معیار کو مزید بہتر بنایا گیا ہے۔

مجوزہ ترامیم کے تحت ایسٹ مینجمنٹ کمپنیز (اے ایم سیز) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تمام سرمایہ کاروں کے لیے پراڈیکٹ کے مناسب تجزیہ کے لیے اپنے سیلز ایجنٹ کی تربیت، ذمہ داریاں اور استعداد کار میں اضافہ کے لیے منظور شدہ پالیسی پر عملدرآمد کے پابند ہو نگی۔۔ایسٹ مینجمنٹ کمپنیز کو سرمایہ کاری کے وقت باقاعدہ جائزہ اور مناسب تجزیہ کو یقینی بناتے ہوئے پالیسی پر موثر عملدرآمد کے لیے بورڈ کمیٹی یا پھر مینجمنٹ کو سہ ماہی رپورٹ پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005